© rasailojaraid.com

اکرام اللہ ساجد

# تعارف و تبصرہ کتب

## " سید العالمین ؐ کے سایہ اور بشریت کے بارہ میں ایک تحقیقی مقالہ "

مصنفہ : مولانا عزیز زبیدی، مولانا حافظ محمد ادریس کیلانی

ضخامت : ۳۶ صفحات

ناشر : انجمن شبان اہلحدیث حضرت کیلیانوالہ ضلع گوجرانوالہ

جماعت اہلحدیث کے نامور اہل قلم حضرت مولانا عزیز زبیدی اور عالم باعمل مولانا حافظ محمد ادریس کیلانی کی کاوشوں سے ترتیب شدہ یہ رسالہ دراصل ایک بریلوی پیر کے ایک کتابچہ " حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نور تھے اور آپؐ کا سایہ نہ تھا" کے جواب میں ہے جس کی اشاعت کے بعد یہ اعلان کیا گیا تھا کہ ان کے پیش کردہ دلائل کا تا قیامت ردّ نہیں کیا جا سکتا ——— لیکن چند ہی دنوں بعد جب یہ کتابچہ مولانا عزیز زبیدی کی نظروں سے گزرا تو انہوں نے نہ صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے کے بارے میں ان احادیث پر، جو اس رسالہ میں درج کی گئی تھیں، تحقیقی اور سیر حاصل تبصرہ کر کے انہیں موضوع اور من گھڑت ثابت کیا، بلکہ اس کے مقابلے میں ایسی صحیح احادیث بھی درج کر دیں جن سے آپؐ کے سایہ ہونے کی صراحت ہوتی ہے ——— جبکہ مولانا محمد ادریس صاحب کیلانی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بشریت کے بارے میں کتاب و سنت سے بلیشتر دلائل نقل کر کے یہ ثابت کیا ہے، کہ آپؐ کا بشر ہونا انسانیت کیلئے ایک نعمتِ عظمیٰ اور اللہ جل جلالہ کے خاص انعامات میں سے ہے ——— علاوہ ازیں انہوں نے بریلوی حضرات کے پیر و مرشد مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی اور ان کے دیگر تسلیم شدہ بزرگوں مثلاً مفتی نعیم الدین صاحب مراد آبادی، مفتی احمد یار صاحب بریلوی،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

علامہ عبدالحی حنفی، امام ابن ہمام حنفی، حضرت مجدد الف ثانی وغیرہ کے ایسے صریح اقوال بھی نقل کیے ہیں جن سے نہ صرف آپؐ کی بشریت پر استدلال ہوتا ہے بلکہ بعض نے تو یہ صراحت بھی کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بشر تسلیم نہ کرنے والے کے کفر میں کوئی شک نہیں! —— اس رسالہ کی خوبی یہ ہے کہ موضوع سے متعلقہ تمام دلائل کو یکجا جمع کرنے کے علاوہ مخالفین کی طرف سے پیش کیے جانے والے دلائل کا ابطال بھی کیا گیا ہے — انداز تحریر انتہائی سادہ، دلچسپ مگر سوقیانہ ہونے کے بجائے ناصحانہ ہے۔ آخر میں انگوٹھے چومنے کی بدعت کا ردّ بھی مدلل طور پر کیا گیا ہے —— مطالعہ کے شائقین ایک روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مذکورہ بالا پتہ سے بذریعہ ڈاک حاصل کر سکتے ہیں۔

---

مسجد یا مدرسہ کے لیے محنتی، دیانتدار اور مسلکاً اہلحدیث خادم کی ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک یا بالمشافہ رابطہ قائم فرمائیں!

عنایت اللہ کیلانی خوشنویس

حضرت کیلیانوالہ، ڈاکخانہ خاص

براہ علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ

© rasailojaraid.com